© rasailojaraid.com



# وفاق المدارس کی ایک جدید کاوش

## سوشل میڈیا پر موبائل اپلی کیشن کا اجراء

مولانا طلحہ رحمانی زید مجدہ
میڈیا کوآرڈینیٹر وفاق المدارس سندھ

دور حاضر میں میڈیا کی اہمیت سے کسی کو انکار نہیں، پھر میڈیا کے معروف تین ذرائع ہیں، جس میں پرنٹ میڈیا (اخبارات)، الیکٹرانک میڈیا (ٹی وی چینلز) اور سوشل میڈیا (Social Media) یعنی سماجی رابطہ کے ذرائع ہیں، جدید اور تیز ترین دنیا گلوبلائزیشن میں جس تیزی سے سوشل میڈیا نے ترقی کی ہے اس سے پوری دنیا سمٹ کر ہر خاص و عام کے ہاتھ میں موجود موبائل میں آ گئی ہے۔ دنیا میں نیٹ استعمال کرنے والے الگ الگ مقاصد کے لیے اس سہولت سے فائدہ اٹھاتے ہیں، انٹرنیٹ کے وسیع نیٹ ورک کی افادیت کو سمجھنے والے صارفین بخوبی اپنے مطلوبہ اہداف آسانی سے حاصل کر لیتے ہیں، نیٹ استعمال کرنے کے چند معروف طریقوں میں ایک بڑی سہولت بذریعہ موبائل فائدہ اٹھانے والوں کی تعداد میں تیزی اضافہ ہو رہا ہے، اعداد و شمار کی بابت جو معلومات حاصل ہوئی ہیں وہ حیران کن ہیں۔

پاکستان جیسے متوسط ملک میں موبائل استعمال کرنے والوں کی تعداد دس کروڑ سے متجاوز ہے، جبکہ اسی موبائل کے ذریعہ نیٹ (Net) استعمال کرنے والوں کی تعداد تقریباً نصف یعنی پانچ کروڑ بتائی جاتی ہے۔ سماجی رابطوں کے اس جدید دور میں دینی و شرعی رہنمائی کی معلومات کا کثیر خزانہ موجود ہے، جس سے کئی اہل علم اس نعمت سے مستفید ہو رہے ہیں۔ سماجی رابطوں کے ان روایتی ذرائع پہ موقر علمی اداروں کی ویب سائٹس بھی موجود ہیں جس سے ان ذرائع کو استعمال کرنے والا ہر فرد شرعی و دینی معلومات سمیت اپنے مطلوب تک آسانی رسائی حاصل کر لیتا ہے۔ پاکستان کے اکثر موقر دینی اداروں نے عوام و خواص کو اس سہولت سے فادہ اٹھانے کی غرض سے سوشل میڈیا کے اس مثبت ذریعہ سے بھی خدمات پیش کی ہیں۔

پاکستان میں مدارس دینیہ کے سب سے بڑے نیٹ ورک وفاق المدارس العربیہ پاکستان نے گزشتہ کئی برس قبل سوشل میڈیا کی اس ضرورت کا ادراک کرتے ہوئے ہزاروں مدارس سے وابستہ لاکھوں افراد کی سہولت کے پیش نظر اپنی ویب سائٹ متعارف کی تھی جس سے وفاق المدارس کے مقاصد، اہداف، قواعد و ضوابط سے لیکر امتحان



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

کے نتائج سمیت اہم نوعیت کے انتظامی وتعلیمی مواد تک فوری رسائی دستیاب ہے،اس حوالہ سے ہونے والی تیز ترین تبدیلیوں میں دور حاضر کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے ارباب وفاق المدارس نے ادارہ سے منسلک افراد کے لیے ہر شعبہ کی طرح اس فنی وٹیکنیکی شعبہ میں بھی ترقی کا سفر جاری رکھا۔

وفاق المدارس العربیہ چونکہ تعلیمی بورڈ ہے جو ہزراوں مدارس میں یکساں نظام ونصاب کے لے سالوں سے ایک فعال کردارادا کر رہا ہے،نصاب سے لیکر امتحانی نظام اوراس کے نتائج کے فوری حصول کے لے بھی فعال سوشل میڈیا کے ان ذرائع سے استفادہ حاصل کیا گیا۔ارسال کردہ تیز وجدید طرز میں ترقی کرتے ہوئے وفاق المدارس کے تحت امتحان میں شریک ہونے والے طلبہ وطالبات نتائج کے حصول کے لے چند برس قبل آ ئی وی این سروس (I V N) کو بھی متعارف کروایا گیا تھا، یہ سروس موبائل استعمال کرنے والے حضرات کوایک میسج کے ذریعہ فوری نتائج کی رسائی کا موثر ذریعہ ہے،وفاق کی طرف سے اس سہولت سے ہر سال لاکھوں طلبہ وطالبات فائدہ اٹھارہے ہیں، مذکورہ چندنمایاں سہولیات میں ایک نیاخوشگواراضافہ حالیہ دنوں میں منظرعام پہ لایا گیا ہے۔اینڈ روائڈ Android فون استعمال کرنے والے لاکھوں صارفین کے لے وفاق المدارس العربیہ ایپلیکیشن منظرعام پہ لائی گئی۔سوشل میڈیا کی آخری دونوں سہولیات پہنچانے کے روح رواں وفاق المدارس کے انتہائی فعال وباصلاحیت رکن برادر عزیز مولانا محمد ابراہیم سکھرگاہی زیدمجدہ کی انتھک کاوشوں کی مرہون ہیں،مولانا موصوف گزشتہ کئی برسوں سے شبانہ روز وفاق المدارس میں اپنی خدمات کے حوالہ مصروف عمل ہیں۔

اس موبائل ایپلیکیشن (Application) کی اہمیت سے ہر نیٹ صارف بالعموم اوراسمارٹ فون کے صارفین بالخصوص خوب واقف ہیں،موبائل کے ذریعہ انٹرنیٹ استعمال کرنے والے اس ایپ کوڈاونلوڈ کر کے وفاق المدارس کے بارے میں جہاں مطلوبہ سہولیات کوحاصل کر سکتے ہیں وہیں لاکھوں صارفین فوری طور پہ انفرادی نتائج بھی حاصل کرسکیں گے،اور وفاق المدارس کا ماہنامہ ترجمان رسالہ وفاق المدارس کے جدید وقدیم رسال سے بھی استفادہ اپنے موبائل کے ذریعہ حاصل کر سکتے ہیں، ہزاروں مدارس اس ترجمان رسالہ کے ذریعہ اہم فیصلہ جات سمیت دیگراطلاعات حاصل کرتے ہیں۔واقفان حال جانتے ہیں کہ اتنا ثقیل مواد ( Heavy Data ) جوایک وزن دارسماجی رابطہ (ہیوی ویب سائٹ) پہ بہت آسانی کے ساتھ موبائل پہ چندبٹن استعمال کر کے حاصل کر سکتے ہیں، جو یقیناً وفاق المدارس سے منسلک ہرخاص وعام کے لے ایک بہترین تحفہ ہے،اوراس کامیاب پراجیکٹ کی تکمیل میں صدروفاق مولانا ڈاکٹرعبدالرزاق اسکندر وناظم اعلی مولانا محمد حنیف جالندھری اور مرکزی ناظم دفتر مولانا عبدالمجید حفظہم اللہ کی ہمہ وقت توجہات وسرپرستی شامل رہی ہے،اوران احباب وفاق کا بھی تعاون شامل رہا ہے جو


© rasailojaraid.com